فروغ اخبار

— امام یحییٰ والیٔ یمن نے فوجی افسروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ملک کی مدافعت وحفاظت کیلئے تیار رہیں۔ اور سرحدی مقامات کی قلعہ بندی کے لئے بہت جلد پروگرام بنائیں۔ یمن کی جو پہاڑیاں غیر محفوظ ہیں ان پر قلعہ بندی کیلئے ترکی افسروں نے ایک اسکیم تیار کی تھی۔ جس کو حکومت یمن نے منظور کرلیا ہے۔ اور اس سلسلہ میں پانچ ترکی افسر استنبول سے حدیدہ پہنچ گئے ہیں۔ عام خیال ہے کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی ہدایات اور مشورہ سے حکومت یمن نے فوجی اقدامات کی طرف توجہ دی ہے یہ بھی خبر ہے کہ یمن کا فوجی نظام کلیۃً ترکوں کے حوالہ کردیا جائیگا۔ (زمیندار)

— اعلیحضرت حضور نظام نے وائسرائے ہند کو حسب ذیل پیغام وفاشعاری ارسال فرمایا ہے :۔

یورپ کی موجودہ سیاسی صورت حالات کے پیش نظر جس سے عالمگیر جنگ کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ میں اپنی ریاست کے تمام وسائل وذرائع ملک معظم کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ جیسا کہ میں زمانہ گزشتہ میں اسی نوعیت کے موقع پر پیش کرچکا ہوں۔ اور ضرورت پیش آنے پر میری ریاست کی خدمات سلطنت برطانیہ کے لئے حاضر ہونگی۔ (زمیندار)

— مرکزی اسمبلی کا جو خاص اجلاس ۱۰ نومبر سے دہلی میں شروع ہونے والا ہے اس میں سرکاری کاروبار کیلئے ۱۲ دن مخصوص کئے گئے ہیں۔ آخری سرکاری دن ۷ دسمبر مقرر کیا گیا ہے۔ اس اجلاس میں کوئی غیر سرکاری کاروبار انجام نہیں دیا جائیگا۔ (زمیندار)

— محمد محمود پاشا وزیراعظم مصر نے اعلان کیا ہے کہ مصر اپنے حلیف اعظم برطانیہ کے ساتھ خلوص دل سے اتحاد عمل کیلئے تیار ہے۔ اور وقت آنے پر ہر ایک مصیبت سے عہدہ برا ہونے پر آمادہ ہے۔ (زمیندار)

— ریاست جے پور کے پبلسٹی افسر نے ایک اعلان کیا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ ریاست میں بارش کی قلت کی وجہ سے قحط نمودار ہورہا ہے۔ مویشیوں کیلئے چارہ بھی نہیں ملتا جس کا کم ازکم ریاست کے ۳۳ لاکھ مویشیوں پر برا اثر پڑ رہا ہے۔ اس تمام صورت حالات کے پیش نظر حکومت جے پور نے قحط زدہ رعایا کی امداد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے چنانچہ قحط زدہ علاقوں کے سرکاری جنگلوں میں رعایا کو مویشی چرانے کی عام اجازت دی جاتی ہے اور کنوؤں کا ٹیکس بھی وصول نہیں کیا جائیگا۔ اگر ۳۱ اکتوبر سے پہلے پہلے کوئی کسان چارے کا بیج بوئیگا تو پانچ کچے بیگھوں کے رقبے کیلئے کوئی مالیہ وصول نہیں کیا جائیگا۔ چارہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کی خاطر ریلوے پہلے کی بہ نسبت اس کا کرایہ کم وصول کریگی۔ جن دیہاتوں میں چارے کی فصل بالکل نہیں ہوئی ان سے چارے کی فصل کا مالیہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ (احسان)

— حکومت پنجاب نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ سال سے شراب نوشی کو روکنے کی کوشش کی جائے اس کام کیلئے حکومت نے دولاکھ روپیہ خرچ کرنے کا ارادہ کیا ہے۔

— کلکتہ پولیس نے آٹھ آدمیوں کو گرفتار کیا ہے جو عرصے سے نقلی ٹکٹ اور لفافے بنا کر بیچ رہے تھے۔

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔